صدقہ فطر کس پر واجب ہے؟

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ صدقہ فطر کس پر واجب اور کس عمر سے شروع ہو جاتا ہے؟

سائل: قاسم فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

صدقہ فطر ہر مالکِ نصاب آزاد مسلمان پر واجب ہے اور اس میں زکوۃ کی طرح بالغ ہونا شرط نہیں۔ جیسا کہ درمختار میں ہے کہ تجب عَلَى كُلِّ حُرٍّ مُسْلِمٍ ذِي نِصَابٍ فَاضِلٍ عَنْ حَاجَتِهِ الْأَصْلِيَّةِ صدقہ فطر ہر مسلمان آزاد مالکِ نصاب پر جس کی نصاب حاجت اصلیہ سے فارغ ہو واجب ہے۔

["الدرالمختار"، كتاب الزكاة، باب صدقة الفطر، ج٣، ص٣٦٢ ٣٦٥.]

اس کے تحت علامہ شامی فرماتے ہیں کہ وَأَمَّا الْعَقْلُ وَالْبُلُوغُ فَلَيْسَا مِنْ شَرَائِطِ الْوُجُوبِ فِي قَوْلِ أَبِي حَنِيفَةَ وَأَبِي يُوسُفَ ، حَتَّى تَجِبَ عَلَى الصَّبِيِّ وَالْمَجْنُونِ إذَا كَانَ لَهُمَا مَالٌ وَيُخْرِجُهَا الْوَلِيُّ مِنْ مَالِهِمَا۔

شیخین کے قول کے مطابق اس میں عاقل و بالغ ہونا ضروری نہیں۔ صدقہ فطر بچے اور پاگل پر بھی واجب ہوتا ہے جب ان کی ملکیت میں مال ہو ان کا ولی ان کے مال سے ان کا صدقہ فطر ادا کرے گا۔

["الدرالمختار مع ردالمحتار"، كتاب الزكاة، باب صدقة الفطر، ج٣، ص ٣٦٥]

معلوم ہوا کہ اگر بچے یا پاگل کی ملکیت میں مال ہے تو ان کا ولی ان کے مال سے صدقہ فطر ادا کرے گا اور اگر بچے یا پاگل کی ملکیت میں مال نہیں تو صدقہ فطر اس کے ولی [والد یا اور وہ نہیں تو دادا] پر واجب ہوگا۔ جیسا کہ ردالمحتار میں ہے کہ فَلَوْ كَانَا فَقِيرَيْنِ لَمْ تَجِبْ عَلَيْهِمَا بَلْ عَلَى مَنْ يَمُونُهُمَا"

["الدرالمختار مع ردالمحتار"، كتاب الزكاة، باب صدقة الفطر، ج٣، ص ٣٦٥]

ایسا ہی بہار شریعت میں ہے کہ مرد مالکِ نصاب پر اپنی طرف سے اور اپنے چھوٹے بچہ کی طرف سے واجب ہے، جبکہ بچہ خود مالکِ نصاب نہ ہو، ورنہ اس کا صدقہ اسی کے مال سے ادا کیا جائے اور مجنون اولاد اگرچہ بالغ ہو جبکہ غنی نہ ہو تو اُس کا صدقہ اُس کے باپ پر واجب ہے اور غنی ہو تو خود اس کے مال سے ادا کیا جائے، جنون خواہ اصلی ہو یعنی اسی حالت میں بالغ ہوا یا بعد کو عارض ہوا دونوں کا ایک حکم ہے۔

[بہار شریعت ج احصہ ۵ صدقہ فطر کا بیان مسئلہ نمبر۷ ص۹۳۶]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری

What is the verdict of the Learned Scholars of the Sacred Shar'īah regarding the following issue; upon whom is Sadaqat al-Fitr wājib (necessary) and at what age does it become necessary?

Answer:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَہاب اللھم ھدایۃَ الحَق و الصواب

Sadaqat al-Fitr is compulsory upon every free Muslim who possesses wealth which reaches the nisāb amount [threshold amount value of 612.36 grammes of Silver or 87.48 grammes of Gold] and the condition of the person being mature as in Zakāh is not applicable here, just as it is stated in al-Durr al-Mukhtār:

"Sadaqat al-Fitr is compulsory upon every free Muslim who possesses the nisāb amount surplus to his basic needs."

(al-Durr al-Mukhtār Kitāb al-Zakāh, Chaper Sadaqat al-Fitr Vol 3 Pg. 323-325)

Allāmah ibn Abidīn al-Shāmī (may Allāh cover him in mercy) states beneath this:

According to the statement of Sayyidunā Imam A'zham Abū Hanīfah and Sayyidunā Imam Qādī Yūsuf (may Allāh cover both of them him in mercy) neither sanity nor reaching the age of legal maturity (bulūgh) are necessary conditions such that sadaqat al-Fitr is also compulsory upon a minor and an insane person, when they have wealth, so their guardian will extract it from their wealth [on their behalf].

(al-Durr al-Mukhtār with Radd al-Mukhtār Kitāb al-Zakāh Chapter Sadaqat al-Fitr Vol 3 Pg. 325)

From this it is understood that if the minor or the insane person has wealth then their guardian will extract Sadaqat-ul-Fitr from their [the minor or insane person's] wealth and if the minor or the insane person doesn't possess wealth the obligation of paying Sadaqah al-Fitr is upon their guardian (Father, and if he is not alive then the Grandfather), just as it is stated in al-Durr al-Mukhtār:

"If they are poor then it is not wajib (compulsory) upon them but upon their guardian."

(al-Durr al-Mukhtār Kitāb al-Zakāh, Chapter Sadaqat al-Fitr Vol 3 Pg. 325)

Similarly, it is stated in Bahār-e-Sharī'at that it is wājib (compulsory) upon a man who possesses the nisāb amount to pay Sadaqat-ul-Fitr on his behalf and on behalf of his minor children, when the children are not themselves possessing the nisāb amount, otherwise the Sadaqat al-Fitr will be paid from the children's wealth. As for insane children, even if they are of the age of legal maturity, but are not wealthy, then it will become wājib (compulsory) upon their father or guardian to pay sadaqat al-Fitr, and if they are wealthy then Sadaqat al-Fitr will be paid from their wealth. Whether the

insanity is original i.e. the child became mature in this condition or the child became insane after maturity, the same ruling applies upon both.

(Bahār-e-Sharī’at Vol 1 Pg. 5, under the explanation of Sadaqat al-Fitr Rule No 7 Pg. 932)

Answered by Abu al-Hasan Muhammad Qāsim Ziā Qādirī